
## سیاحت :

**عمل کیجیے۔**

اب تک آپ نے برازیل کے بارے میں کافی معلومات حاصل کر لی ہے۔ برازیل سے متعلق حاصل شدہ معلومات کی مدد سے آپ جن مقامات کی سیر کرنا چاہتے ہیں، ان کی فہرست بنائیے۔ برازیل کے سیاحتی مقامات کی جماعت بندی سیاحت کی کس قسم میں کی جا سکے گی؟ اس کے بارے میں اپنے ساتھیوں سے گفتگو کیجیے اور جماعت بندی کر کے بتائیے۔

شکل ۱ء۹ کی مدد سے سوالوں کے جواب لکھیے۔




**شکل ۱ء۹ : بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد**

- ۱۹۹۵ء میں کس ملک میں غیر ملکی سیاح زیادہ آئے تھے؟
- ۲۰۰۰ء میں کس ملک میں زیادہ غیر ملکی سیاح آئے؟
- کس سال سے بھارت میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد بڑھتی ہوئی نظر آتی ہے؟
- ۲۰۱۵ء میں دونوں ملکوں کے غیر ملکی سیاحوں کی تعداد کتنی تھی؟ ان کا فرق بتائیے۔
- ۲۰۱۰ء کے بعد بھارت میں غیر ملکی سیاحوں کی تعداد بڑھنے کی کیا وجوہات ہو سکتی ہیں؟

### جغرافیائی وضاحت

## برازیل :

سفید ریت کے ساحل، دلکش اور صاف ستھرے ساحل، قدرتی مناظر سے مزین جزائر، امیزان وادی کے گھنے جنگلات، مختلف انواع و اقسام کے جانور اور پرندے نیز مختلف باغات کی وجہ سے بین الاقوامی سیاح برازیل کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔ نئی راجدھانی 'براسیلیا' کا شہر بھی سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہے۔ اسی طرح ریو دی جانیرو اور ساؤ پاولو جیسے شہر بھی بڑے پیمانے پر سیاحوں کی کشش کا باعث ہیں۔ ملک کے کئی حصوں میں سیاحت ایک اہم معاشی ذریعہ بن گیا ہے۔ برازیل میں ماحولیاتی شعور اور تحفظ کی وجہ سے بھی سیاحت کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

**بتائیے تو بھلا!** شکل ۲ء۹ کی مدد سے سوالوں کے جواب لکھیے۔




**شکل ۲ء۹ : سیاحت اور معیشت (۲۰۱۶ء)**

- درج بالا ترسیم کون سی قسم کی ترسیم ہے؟
- اس ترسیم میں کون سے نکات پیش کیے گئے ہیں؟
- کس ملک کی کل قومی آمدنی میں سیاحتی پیشے کا حصہ زیادہ ہے؟
- مجموعی قومی پیداوار کے لحاظ سے سیاحت کے پیشے سے منسلک افراد کی تعداد کس ملک میں زیادہ ہے؟

### جغرافیائی وضاحت

شکل ۱ء۹ کے مطابق ۲۰۱۵ء میں بھارت میں آنے والے بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد برازیل کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ اس کے باوجود کل قومی آمدنی میں سیاحتی شعبے کی آمدنی کا حصہ برازیل سے کم ہے۔ یہ بالعموم ہر ملک کی آبادی اور کل قومی آمدنی کی قدر پر منحصر ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے بھارت کی قومی آمدنی (شکل ۲ء۹ دیکھیے) اور آبادی برازیل کے مقابلے میں بہت زیادہ ہے۔ اس لیے بھارت کی کل قومی آمدنی میں سیاحتی شعبے کا حصہ برازیل سے کم نظر آتا ہے اور اس شعبے میں آبادی کا تناسب زیادہ نظر آتا ہے۔

## بھارت :

شکل ۱ء۹ کی ترسیم دیکھنے سے پتا چلتا ہے کہ بھارت میں بین الاقوامی

سیاحوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور یہ اضافہ ۲۰۱۰ء کے بعد سے بہت تیزی سے ہو رہا ہے۔ بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد میں یہ اضافہ مسلسل ہے۔ غیر ملکی سیاح بھارت میں تاریخی، تہذیبی، طبّی، پیشہ ورانہ سیاحت کے لیے آتے ہیں۔ ماحولیات موافق سیاحت پر بھی بھارت میں زور دیا جا رہا ہے۔

بھارت کے تاریخی ورثے کو اگر مدنظر رکھیں تو بھارت کے مختلف حصوں میں سیاحتی مراکز پروان چڑھنے کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ اب کئی ایک مقامات کو بطور سیاحتی مرکز کے فروغ دیا جا رہا ہے۔

**ذرا غور کیجیے**

برازیل میں کن وجوہات یا خصوصیات کی بنا پر مذکورہ سیاحتی مقامات وجود میں آئے ہیں؟

## بھارت اور برازیل کے چند سیاحتی مقامات



شکل ۹ء۳ : گیٹ وے آف انڈیا



شکل ۹ء۴ : ریو دی جانیرو کا ریتیلا ساحل




شکل ۹ء۵ : برازیل میں سمندری سیاحت



شکل ۹ء۶ : اجنتا کے غار



شکل ۹ء۷ : ماناس کا فٹ بال اسٹیڈیم




شکل ۹ء۸ : گواہاٹی، آسام

## برازیل میں آمد و رفت (نقل و حمل):

شکل ۹ء۹ میں دیے ہوئے برازیل کی آمد و رفت کے اہم راستوں کے نقشے کا مطالعہ کرکے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔

- آمد و رفت کی کون سی قسم کے راستے نظر آ رہے ہیں؟
- کون سے قسم کے راستوں کا گنجان پن زیادہ نظر آتا ہے؟
- نمایاں طور پر نظر آنے والی اہم شاہراہ کون سی ہے؟ وہ کن مقامات کو جوڑتی ہے؟
- ریلوے کی ترقی خاص طور پر کس حصے میں ہوئی ہے؟ اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟
- آمد و رفت کے راستے برازیل کے کس حصے میں کم پائے جاتے ہیں؟ اس کی کیا وجوہات ہوسکتی ہیں؟

### نقشے سے دوستی




شکل ۹ء۹

### جغرافیائی وضاحت

برازیل میں سڑکیں آمد و رفت کے عمومی ذرائع کے طور پر ہر طرف نظر آتی ہیں۔ ملک کے نقل و حمل کے ذرائع میں آدھے سے زیادہ حصہ سڑکوں کا ہے لیکن سڑکوں کا گنجان پن زیادہ تر مشرقی علاقے میں مرکوز ہے۔ مغربی جانب امیزان دریا کی وادی میں جنگلاتی علاقے اور دلدلی زمین کی وجہ سے سڑکوں کی محدود ترقی ہوئی ہے۔

امیزان دریا میں تجارتی بنیاد پر آبی آمد و رفت کی جاتی ہے۔ اس دریا کے دہانے سے ملک پیرو کے اِکویٹاس مقام تک آبی آمد و رفت ہوتی ہے۔ اس آبی راستے کا شمار دنیا کے طویل اندرونی آبی راستوں کی فہرست میں کیا جاتا ہے۔ یہ آبی راستہ تقریباً ۳۷۰۰ کلومیٹر طویل ہے۔ جنوب کی سمت بہنے والا دریا پیرانا بھی اندرونِ ملک آبی آمد و رفت کے لیے مفید ہے۔ ساحلی علاقوں میں بھی آبی آمد و رفت ہوتی ہے۔

برازیل میں ریل کے راستے کو زیادہ فروغ حاصل نہیں ہوسکا ہے۔ ریل گاڑی کا سفر سستا ہے پھر بھی اس کا استعمال گنے چنے شہروں تک محدود ہے۔ فضائی نقل و حمل کا حصہ بھی محدود ہے۔

### ذرا غور کیجیے

کسی علاقے میں آمد و رفت کی خدمات کی ترقی پر غور کرتے ہوئے بتائیے کہ برازیل میں آمد و رفت کی خدمات کی ترقی پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون سے ہیں؟ قدرتی بناوٹ اور آبی نظام کے لحاظ سے برازیل میں آمد و رفت کے کون سے ذرائع کا استعمال بڑے پیمانے پر کیا جاتا ہوگا؟

**بھارت میں آمدورفت (نقل وحمل):** شکل ۱۰ء۹ اور ۱۱ء۹ کی مدد سے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔


- نقشے میں آمدورفت کے کون کون سے ذرائع نظر آرہے ہیں؟
- بھارت کے کس حصے میں سڑکوں کا گھنا جال نظر آتا ہے؟
- بھارت کے کس حصے میں ریل راستوں کا گھنا جال نظر آتا ہے؟
- پانچ اہم بندرگاہوں اور پانچ ہوائی اڈّوں کے نام لکھیے۔
- بھارت کے کس حصے میں آمدورفت کا جال کم گھنا نظر آتا ہے؟ اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟

**نقشے سے دوستی**




شکل ۱۰ء۹

## نقشے سے دوستی




شکل ۹ء۱۱

## جغرافیائی وضاحت

برازیل کے مقابلے میں بھارت میں ریل کے راستے اور سڑکیں زیادہ ہیں۔ سڑکوں کے ذریعے سالانہ ٪۸۵ عوامی سفر اور ٪۷۰ اشیا کی نقل وحمل ہوتی ہے۔

ریل کے راستوں کی ترقی کی وجہ سے سفر اور اشیا کی نقل وحمل میں آسانی ہوگئی ہے۔ بھارتی معیشت میں اضافے کے لیے ریل کے راستوں کا حصہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ریل کے راستے ہمیشہ سے ہی سفر کا اہم وسیلہ رہے ہیں۔ بھارت کے وسطی حصے، شمال مشرق کی ریاستوں اور راجستھان میں ریل کے راستوں کا جال کم گھنا ہے جبکہ شمالی بھارت کے میدانی علاقوں میں ریل کے راستوں کا جال بہت زیادہ گھنا ہے۔

جس ملک کی وسعت زیادہ ہوتی ہے اس ملک میں دور دراز علاقوں تک سفر طے کرنے کے لیے ریل کے راستوں کی بہت اہمیت ہوتی ہے۔

آبی راستے نقل وحمل کے کم خرچ والے ذرائع ہیں۔ ملک کے کل نقل وحمل کے ذرائع میں آبی راستوں کا حصہ صرف ایک فی صد ہے۔ اس میں دریا، نہریں، کھاڑیاں، دیگر آبی ذخائر وغیرہ شامل ہیں۔

بین الاقوامی تجارت میں تقریباً ٪۹۵ تجارت سمندری راستوں سے ہوتی ہے۔ بین الاقوامی تجارت کے علاوہ ملک کے خاص زمینی حصے اور جزائر کے درمیان نقل وحمل کے لیے آبی راستوں کا استعمال ہوتا ہے۔

برازیل کے مقابلے میں بھارت میں بین الاقوامی ہوائی آمد ورفت کو زیادہ ترقی حاصل ہوئی ہے۔ اسی طرح بھارت میں اندرون ملک ہوائی راستوں کا استعمال بھی بڑھتا جارہا ہے۔

### اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔

نقل وحمل کی سہولیات کا فروغ ملک کی تیز ترقی کا اشاریہ ہے۔


### کیا آپ یہ کر سکتے ہیں؟

دِگبوئی سے صبح سات بجے صائم نے اپنی امّی کو فون کیا۔ جیسلمیر میں اس کی امّی نے وہاں کے **مقامی** وقت کے مطابق کتنے بجے فون اُٹھایا ہوگا؟

## برازیل میں مواصلات :

### عمل کیجیے۔

آپ کو پتا ہے کہ برازیل کی طول البلدی وسعت زیادہ ہے۔ شکل ۹ء۱۲ میں برازیل کے انتہائی مشرق اور انتہائی مغرب کے مقامات دیے ہوئے ہیں۔ ان دونوں مقامات کے درمیانی وقت کے فرق کا شمار منٹوں میں کیجیے۔




شکل ۹ء۱۲ : برازیل کا معیاری وقت

انتہائی مغرب میں 'ناسینٹے دو رِیوموآ' مقام 'آکرے' ریاست میں ہے۔ اس کا محلِ وقوع "۳۳ '۳۲ °۷ جنوبی عرض البلد اور '۵۹ °۷۳ مغربی طول البلد ہے۔ انتہائی مشرق میں واقع مقام 'پونٹو - دو - سیکساس' ریاست 'پیرائبا' میں ہے۔ اس کا محلِ وقوع "۲۸ '۹ °۷ جنوبی عرض البلد اور '۴۷ °۳۴ مغربی طول البلد ہے۔

شکل ۹ء۱۲ کے نقشے کا بغور مطالعہ کیجیے اور نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

- نقشے کو کتنے منطقوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
- یہ منطقے کس کے ہیں؟
- 'عالمی معیاری وقت سے پیچھے' کا کیا مطلب ہے؟
- برازیل کے کس منطقے میں وقت دیگر منطقوں سے آگے ہے؟
- یہ وقت دیگر منطقوں کے وقت سے کتنے منٹ آگے ہے؟
- لال رنگ کا مخصوص خط کیا ظاہر کرتا ہے؟

## جغرافیائی وضاحت

اس ملک کی طول البلدی وسعت کی وجہ سے یہ پتا چلتا ہے کہ انتہائی مشرق اور انتہائی مغرب کے مقامات کے اوقات میں ۱۶۸/منٹ (۲/گھنٹے ۴۸/منٹ) کا فرق ہے۔ ملک بھر میں الگ الگ 'زمانی منطقے' ہیں جس کی وجہ سے برازیل میں کل چار معیاری وقت تسلیم کیے جاتے ہیں۔ یہ معیاری وقت گرینیچ معیاری وقت (GMT) سے بالترتیب ۲، ۳، ۴ اور ۵ گھنٹے پیچھے ہے۔ نقشے میں لال رنگ کا نمایاں خط برازیل کے منظور شدہ وقت (BRT) کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ گرینیچ سے ۳/گھنٹے پیچھے ہے۔

## برازیل میں مواصلات کا فروغ :

برازیل میں مواصلاتی خدمات کافی ترقی یافتہ اور فعال ہیں۔ اس میں ٹیلی فون، موبائل، ٹیلی وژن نشریات، ریڈیو نشریات، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ شامل ہیں۔ برازیل کی تقریباً ۴۵٪ سے زیادہ آبادی انٹرنیٹ کا استعمال کرتی ہے۔ جنوبی وسطی برازیل میں جدید ترین بنیادی مواصلاتی خدمات موجود ہیں جبکہ شمال اور شمال مغربی حصے میں ان سہولیات کی ترقی آبادی کی کمی کے سبب محدود پیمانے پر ہوئی ہے۔

علاقائی ساخت، وسیع و عریض رقبے والے علاقے، غیر آباد علاقے، گنجان جنگلات وغیرہ رکاوٹوں پر قابو پاتے ہوئے مواصلاتی خدمات کی توسیع برازیل کی معیشت کے لیے ایک چیلنج تھا۔ حالیہ چند سالوں میں برازیل میں ٹیلی فون، اطلاعاتی ٹکنالوجی اور انٹرنیٹ کے استعمال میں اضافے کے سبب مواصلاتی خدمات کو کافی فروغ حاصل ہو رہا ہے۔

خلائی ٹکنالوجی کے ضمن میں برازیل ملکی تکنیکی علوم کو فروغ دے کر مصنوعی سیارہ (سیٹلائٹ) روانہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔


## بھارت میں مواصلات :

شکل ۹ء۱۳ کی مدد سے سوالوں کے جواب لکھیے۔

- بھارت کے انتہائی مشرقی اور انتہائی مغربی سِروں کا طول البلدی فرق بتائیے۔ یہ برازیل کے مقابلے کتنا زیادہ یا کم ہے؟ یہ معلوم کیجیے۔
- بھارتی معیاری وقت کا طول البلد کون سا ہے؟
- بھارت کے معیاری وقت اور گرینیچ طول البلد کے وقت کے فرق کو درجات اور وقت میں بتائیے۔
- بھارت میں مقامی وقت کتنے ہیں؟

ملکی تکنیکی علوم کی مدد سے تیار کیے گئے مصنوعی سیارچوں اور انھیں داغنے کی تکنیک کے استعمال کی وجہ سے مواصلاتی شعبے میں بھارت کا مستقبل نہایت روشن ہے۔

## نقشے سے دوستی




**شکل ۱۳ء۹ : محلِ وقوع اور وسعت**

## جغرافیائی وضاحت

بھارت کی طول البلدی وسعت زیادہ ہے۔ بھارت کے انتہائی مشرق اور انتہائی مغرب کے سِروں کے طول البلد کے درمیان وقت میں ۱۲۰ منٹ (دو گھنٹے) کا فرق ہے۔ بھارت میں ایک ہی معیاری وقت تسلیم کیا جاتا ہے۔ بھارتی معیاری وقت کے لیے (IST) ۸۲° ۳۰' مشرقی طول البلد کا تعین کیا گیا ہے۔ یہ طول البلد الہ آباد شہر سے ہو کر گزرتا ہے۔ بھارتی معیاری وقت گرینیچ وقت سے ۵ گھنٹے ۳۰ منٹ آگے ہے۔

بھارت میں برقیاتی وسائل کی ترقی کی وجہ سے مواصلاتی صنعت بہت تیزی سے ترقی کرنے والا شعبہ بن چکا ہے۔ اطلاعاتی ٹکنالوجی اور مواصلات کے اس دور میں کمپیوٹر، موبائل، انٹرنیٹ جیسے ڈیجیٹل وسائل کے بڑھتے ہوئے اثرات کی وجہ سے مواصلاتی شعبے کا دائرۂ عمل تیزی سے پھیل رہا ہے۔ آج بھارت سب سے زیادہ اسمارٹ فون اور انٹرنیٹ استعمال کرنے والا ملک بن گیا ہے۔

### ذرا غور کیجیے

دلّی میں دوپہر کے ۱۲ بجے ہیں تو براسیلیا میں کیا وقت ہو رہا ہوگا؟

### آئیے، دماغ پر زور دیں۔

مدیحہ اور صائم ایک کثیر ملکی کمپنی میں کام کرتے ہیں۔ ان کی کمپنی کے دو علاقائی دفتر برازیل میں رِیو-دی جانیرو اور ماناس میں ہیں۔ ان دونوں کی ایک ایک دفتر سے رابطے میں رہنے کی ذمہ داری ہے۔ انھوں نے اپنا وقت اس دفتر کے اسی وقت سے ۱۰ سے ۵ بجے جوڑ لیا ہے۔ اب بتائیے کہ ان دونوں کے دفتری اوقات بھارتی معیاری وقت کے مطابق کیا ہوں گے؟

### کیا آپ جانتے ہیں؟

اِسرو (ISRO) (بھارتی خلائی تحقیقی ادارہ): بھارت میں خلائی تحقیق سے متعلق تمام سرگرمیاں اس ادارے کی نگرانی میں جاری ہیں۔
آج تک ISRO نے کئی مصنوعی سیارے کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجے ہیں اور اپنا نام تاریخ میں رقم کیا ہے۔

برازیل میں 'برازیلین خلائی ایجنسی' کی نگرانی میں ملک کی خلائی تحقیق کے پروگرام جاری ہیں۔ جدید اور ترقی یافتہ تکنیک کی مدد سے برازیل میں خلائی تحقیق کے منصوبوں کا خاکہ تیار کیا جاتا ہے۔
ابتدا میں برازیل خلائی تحقیق کے لیے ریاست ہائے متحدہ امریکہ پر زیادہ انحصار کرتا تھا لیکن پچھلے چند سالوں سے اب برازیل چین، بھارت، روس اور یوکرین ملکوں سے مدد لے رہا ہے۔

**کیا آپ یہ کر سکتے ہیں؟** ملک میں کتنے معیاری وقت ہونے چاہئیں، آپ اس کا تعین کس بنیاد پر کریں گے؟

## مشق

**۱۔ درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط، وجوہات کے ساتھ بتائیے۔**

(الف) بھارت کے قدرتی تنوع کے سبب سیاحتی پیشے کا مستقبل روشن ہے۔

(ب) سیاحت ایک نادیدہ قسم کی تجارت ہے۔

(ج) کسی بھی ملک کی ترقی کا ایک اشاریہ اس کے نقل و حمل کے ذرائع کی ترقی ہے۔

(د) برازیل کا معیاری وقت بھارت کے معیاری وقت سے آگے ہے۔

(ہ) بھارت میں سیاحتی پیشے کو حال ہی میں ترقی حاصل ہوئی ہے۔


**۲۔ مختصر جواب لکھیے۔**

(الف) برازیل کے کون سے عوامل سیاحوں کو زیادہ راغب کرتے ہیں؟

(ب) برازیل کے اندرونی حصوں میں ریل راستوں کی ترقی میں کون سی رکاوٹیں ہیں؟

(ج) کن وسائل کی وجہ سے مواصلات کی رفتار بہت تیز ہوگئی ہے؟

**۳۔ درج ذیل شکل میں براسیلیا سے ۳۱ر دسمبر کو صبح ۱۱ر بجے ہوائی جہاز روانہ ہوا ہے جو ۰° خط استوا کو پار کرکے نئی دلّی کے راستے ولاڈیواسٹاک مقام تک جائے گا۔ بتائیے جس وقت ہوائی جہاز روانہ ہوا اُس وقت نئی دلّی اور ولاڈیواسٹاک میں مقامی وقت، دن اور تاریخ کیا ہوسکتی ہے؟**




**۴۔ جغرافیائی وجوہات لکھیے۔**

(الف) برازیل میں ماحول دوست سیاحت کو زیادہ ترقی دی جارہی ہے۔

(ب) برازیل میں آبی راستوں کا فروغ نہیں ہوا ہے۔

(ج) شمالی بھارت کے میدانی علاقے میں ریل کے راستوں کے گھنے جال نظر آتے ہیں۔

(د) ملک کی ہمہ جہت ترقی کے لیے نقل و حمل کے راستوں کی ترقی ضروری ہے۔

(ہ) بین الاقوامی تجارت کے لیے آبی راستوں پر منحصر رہنا پڑتا ہے۔

**۵۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔**

| ستون 'الف' | ستون 'ب' |
|---|---|
| (الف) ٹرانس امیزونین راستہ | (i) سیاحتی مقام |
| (ب) سڑکوں کے ذریعے نقل و حمل | (ii) بھارت کا ریلوے اسٹیشن |
| (ج) ریو-دی-جانیرو | (iii) سنہری چوگوشہ شاہراہ |
| (د) منماڑ | (iv) اہم راستہ |
| | (v) ۴۰° مغربی طول البلد |

**۶۔ فرق واضح کیجیے۔**

(الف) دریائے امیزان اور دریائے گنگا میں آبی نقل و حمل

(ب) برازیل کا شعبۂ مواصلات اور بھارت کا شعبۂ مواصلات

(ج) بھارتی معیاری وقت اور برازیل کا معیاری وقت

**۷۔ نوٹ لکھیے۔**

(الف) جدید مواصلات

(ب) بھارت کی فضائی نقل و حمل

(ج) قدرتی ساخت اور اندرونی آبی نقل و حمل

(د) معیاری وقت کے فائدے

**سرگرمی:**

کسی بندرگاہ/ ہوائی اڈّے/ مواصلاتی مرکز کی سیر کیجیے اور معلومات حاصل کرکے قلم بند کیجیے۔

T796FB

## بھارت اور برازیل میں پائے جانے والے مختلف حیوانات اور نباتات


کھیر


ربر


دریائے گنگا کی ڈالفن


گھیکواڑ


دریائے امیزان کی گلابی ڈالفن


نیل گری


ایک سینگ والا گینڈا


پِرانہا


مہوگنی


مال ڈھوک


نیل گری تاہیر بکری


سنہری شیر نما تامرِن


امریکی گدھ (کونڈور)


گھائے پات